بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

(اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَعَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا)

روزنامہ الفضل ربوہ

ہفت روزہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۰ پیسے

جلد ۶۷/۳۲ | ۲۹ محرم ۱۳۹۹ھ ۳۰ فتح ۱۳۵۷ھ ۳۰ دسمبر ۱۹۷۸ء | نمبر ۲۹۶

جماعت احمدیہ کا چھیاسی ۸۶ واں جلسہ سالانہ غیر معمولی کامیابی اور خیر و برکت کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا

اسلام اور احمدیت کے قریباً ایک لاکھ ستر ہزار پروانوں نے اس مقدس جلسہ میں شرکت کی سعادت حاصل کی

اختتامی اجلاس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ایمان افروز خطاب

قرآن مجید، احادیث نبویہ اور اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت کی روشنی میں مہدی موعود و مسیح محمدی کی بعثت کی اہمیت کا اظہار

ربوہ — اللہ تعالیٰ کی جس قدر بھی حمد و ثنا کی جائے وہ کم ہے کہ اس نے محض اپنے فضل و کرم سے جماعت احمدیہ کے چھیاسی ۸۶ ویں جلسہ سالانہ کو ہر اعتبار سے غیر معمولی طور پر بہت کامیاب اور خیر و برکت کا مورد بنایا۔ ہمارا یہ مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ جو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی بشارتوں اور اس کے وعدوں کے پورا ہونے کا ایک عظیم نشان ہے ۲۶ دسمبر ۱۹۷۸ء (بروز منگل) مرکز سلسلہ عالیہ احمدیہ ربوہ میں شروع ہوا اور تین دن تک جاری رہنے کے بعد ۲۸ دسمبر (بروز جمعرات) کی شام کو بے شمار الٰہی برکتوں اور فضلوں کو سمیٹتے ہوئے بخیر و خوبی اختتام پذیر ہو گیا، الحمد للہ علیٰ ذٰلک۔ امسال اس الٰہی جلسہ میں شامل ہونے والے اسلام اور احمدیت کی شمع کے پروانوں کی تعداد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ڈیڑھ لاکھ سے کہیں زیادہ رہی۔ محتاط اندازہ کے مطابق جلسہ میں قریباً ایک لاکھ ستر ہزار افراد شریک ہوئے۔ کھانے کی پرچی کے لحاظ سے بھی گذشتہ سال کے جلسہ میں شامل ہونے والوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد میں امسال اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیس ہزار کا اضافہ ہوا، الحمد للہ علیٰ ذٰلک۔

اس جلسہ میں امسال اسلام اور احمدیت کے قریباً ایک لاکھ ستر ہزار ان پروانوں نے شریک ہونے کی سعادت حاصل کی جو نہ صرف پاکستان کے کونے کونے سے بلکہ دنیا بھر کے مختلف ممالک اور علاقوں سے ہزاروں میلوں کا سفر طے کر کے اپنے مرکز میں جمع ہوئے۔ ان کے لئے یہ بابرکت جلسہ اپنے ایمانوں کو تازہ کرنے، ذہنوں کو جلا بخشنے، معرفت کو ترقی دینے اور غلبۂ اسلام کی عظیم آسمانی مہم میں شرکت کرنے کے سلسلہ میں انہیں نئے عزم اور جذبہ سے ہمکنار کرنے کا موجب بنا۔ اختتامی اجلاس میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے قرآن پاک، احادیث نبویہ، اقتباسات بزرگان امت محمدیہ کے اقوال اور اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادتوں کی روشنی میں آخری زمانہ میں مبعوث ہونے والے مسیح محمدی و مہدی موعود علیہ السلام کی بعثت کی اہمیت و عظمت پر نہایت عام فہم انداز میں احمدی بچوں اور نوجوانوں سے بالخصوص خطاب فرمایا جس کے بعد ایک لمبی پرسوز اجتماعی دعا کے ساتھ حضور نے اس جلسہ کے اختتام کا اعلان فرمایا اور اکناف عالم سے آئے ہوئے احباب کو واپس روانہ ہونے کی اجازت مرحمت فرمائی۔

بیرونی ممالک سے تشریف لانیوالے احباب

گذشتہ سالوں کی طرح امسال بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے پاکستان کے علاوہ مشرق و مغرب کے بیشتر علاقوں اور ممالک کی احمدی جماعتوں کے نمائندہ وفود اور احباب کو اپنے اس مقدس جلسہ میں شرکت کی سعادت حاصل ہوئی۔ جن ممالک کے وفود اور احباب و فرد و کالت تبشیر کو اطلاع دے کر تشریف لائے ان میں امریکن نو مسلم احمدیوں کا وفد ۲۸ افراد پر مشتمل ہے جن میں ۱۴ احمدی بہنیں بھی شامل ہیں۔ انڈونیشین احمدیوں کے وفد میں ۲۱ افراد شامل ہیں جن میں ۳ خواتین ہیں۔ جزیرہ ماریشس سے ۱۵ احمدی افراد تشریف لائے جن میں ۶ خواتین شامل ہیں۔ غانا (مغربی افریقہ) سے ۱۱ افریقن افراد پر مشتمل وفد جلسہ میں شامل ہوا۔ نائیجیریا سے ۹ افراد پر مشتمل وفد آیا۔ انگلستان سے تو کثرت کے ساتھ احباب جماعت تشریف لائے جن میں انگریز احمدی مبلغ اسلام مکرم بشیر احمد صاحب آرچرڈ بھی شامل ہیں جو مع اہل و عیال (باقی صفحہ ۲ پر)

اخبار احمدیہ

ربوہ ۳۰ دسمبر۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:-

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے، الحمد للہ

احباب جماعت خاص توجہ اور التزام کے ساتھ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضور کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے، برکتوں سے معمور لمبی زندگی عطا فرمائے اور ہر طرح حضور کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ ۲۹ دسمبر۔ جلسہ سالانہ پر آنے والے ہزارہا احباب چونکہ نماز جمعہ ادا کرنے کے لئے ربوہ میں ہی تشریف رکھتے تھے اس لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز جمعہ وسیع و عریض جلسہ گاہ میں ہی پڑھائی۔ نماز کے وقت جلسہ گاہ اور اس سے ملحقہ میدان نمازیوں سے پُر تھا۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ میں نہایت آسان اور دلنشین پیرایہ میں بتایا کہ آزادیٔ ضمیر اور آزادیٔ عقیدہ کے سلسلہ میں جو جامع اور حسین تعلیم اسلام نے اور قرآن کریم نے پیش فرمائی ہے وہ دنیا کے دیگر تمام مذاہب کے لئے ایک نمونہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

حضور نے قرآن مجید کی متعدد آیات کی روشنی میں بتایا کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق دو حصوں میں منقسم ہے۔ ایک بڑا حصہ وہ ہے کہ خدا اسے جو حکم دیتا ہے وہ بہر حال اسکی تعمیل کرتا ہے۔ دوسرا حصہ جو انسانوں پر مشتمل ہے اسے آزادی دی گئی ہے کہ اگر وہ چاہے تو خدا کے احکام کو مانے اور چاہے تو انکار کر دے۔ اسلام دین فطرت ہے اور انسانی زندگی میں جبر کا تصور انسان کے متعلق اللہ تعالیٰ کے جزا و سزا کے منصوبہ کے ہی صریحاً خلاف ہے کیونکہ اگر انسان سے بھی جبراً بات منوانی ہوتی تو پھر انسان کو جزا دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور انسان اور حیوانات میں کوئی فرق باقی نہیں رہتا۔ قرآن مجید بتاتا ہے کہ ہر شخص کو دائرۂ اسلام میں داخل ہونے یا اس دائرہ سے نکلنے کا پورا اختیار دیا گیا ہے۔ ہر فرد خدا کے سامنے خود جوابدہ ہے کسی کو مجبور کر کے نہ اسلام میں لایا جا سکتا ہے اور نہ اسلام سے خارج کیا جا سکتا ہے۔ تاریخ اسلام میں اگر کسی مرتد کو قتل کرنے کا ذکر آتا ہے تو دراصل وہ ایسا شخص ہے جو ارتداد کے علاوہ قتل اور مسلح بغاوت کا بھی مرتکب ہوا تھا اور قتل اور مسلح بغاوت کی سزا میں اسے قتل کیا گیا۔ جہاں تک جماعت احمدیہ کے عقیدہ کا تعلق ہے وہ (باقی صفحہ ۲ پر)

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: رشید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعتِ احمدیہ کے چھیاسی ویں جلسہ سالانہ کا اختتام

(بقیہ صفحہ اوّل)

جلسہ میں شامل ہوئے۔ ان کے علاوہ مغربی جرمنی، سرینام، ٹرینیڈاڈ، ملائیشیا، ہالینڈ، زیمبیا، سپین، جاپان، سیرالیون، سنگاپور، مشرقی افریقہ کے مختلف ممالک، سری لنکا، بنگلہ دیش اور انڈیا سے بھی بہت سے احباب جلسہ میں شریک ہونے کی غرض سے مرکزِ سلسلہ ربوہ میں تشریف لائے۔ غرضیکہ دُنیا کے قریباً ہر خطہ کے احبابِ جماعت نے جوق در جوق اپنے اِس جلسہ میں شامل ہونے کی سعادت حاصل کی اور اِس طرح ایک دفعہ پھر اللہ تعالیٰ کی وہ بشارتیں پوری ہوئیں جو اس نے مسیح محمدی و مہدی موعود علیہ السلام کو دی تھیں اور جن میں دُنیا کے دُور دراز علاقوں سے بکثرت لوگوں کے آنے کا وعدہ دیا گیا تھا، الحمد للہ۔

اختتامی اجلاس میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا بصیرت افروز خطاب

۲۸ دسمبر کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ قصرِ خلافت سے بذریعہ کار ایک بجکر پچاس منٹ پر جلسہ گاہ کی سٹیج پر تشریف لائے۔ حضور نے نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں جس کے بعد جلسہ کا اختتامی اجلاس شروع ہوا۔ جونہی حضور کرسیٔ صدارت پر رونق افروز ہوئے وسیع و عریض جلسہ گاہ کی پوری فضا اللہ اکبر، خاتم الانبیاء زندہ باد، اسلام زندہ باد، انسانیت زندہ باد اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث زندہ باد کے پُرجوش نعروں سے گونج اُٹھی۔ کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جو کہ مکرم حافظ قاری محمد عاشق صاحب نے کی بعد ازاں مکرم الحاج چوہدری شبیر احمد صاحب نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اردو، فارسی اور عربی منظوم کلام میں سے منتخب ایمان افروز اشعار خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔ پھر مکرم جناب ثاقب صاحب زیروی مدیر ہفت روزہ لاہور نے حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح پر مشتمل اپنی ایک نظم کے چند اشعار اپنے مخصوص ترنم کے ساتھ پڑھے۔ تلاوت قرآن پاک اور نظموں کے پڑھے جانے کے بعد دو بجکر پچاس منٹ پر نعرہ ہائے تکبیر کے درمیان حضور ایدہ اللہ کا بصیرت افروز خطاب شروع ہوا جو کہ ساڑھے چار بجے تک جاری رہا۔ اس خطاب کے آغاز میں حضور نے فرمایا اِس وقت میں اپنے پیارے احمدی بچوں اور نوجوانوں سے گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔ جب ہم آپ کی عمر کے تھے اور قادیان میں رہتے تھے تو ہمارے کانوں میں مہدی موعود و مسیح محمدی کی آخری زمانہ میں بعثت کے متعلق اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی بشارتیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات بکثرت پڑتے رہتے تھے۔ وہ بڑا ہی پیارا زمانہ تھا۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اصحاب کا حصار ہمیں حاصل تھا وہ اکثر ہمیں بتاتے رہتے تھے کہ آخری زمانہ کے متعلق اللہ تعالیٰ کی پیشگوئیاں کیا ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا بشارتیں دی ہیں اور پھر کس طرح ان پیشگوئیوں کے مطابق غلبۂ اسلام کے لئے مہدی موعود کا ظہور ہوا اور پیشگوئیوں میں بیان کردہ تمام علامات پوری ہو کر اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادتوں نے ان پیشگوئیوں کے سچا ہونے پر مُہرِ تصدیق ثبت کر دی۔ یہ باتیں کثرت سے ہمارے کانوں میں پڑتی تھیں۔ باہر سے آنے والے بھی انہیں سُنتے تھے اور پھر واپس جا کر اپنے اپنے ہاں انہیں دُہراتے تھے۔

حضور نے فرمایا لیکن اب باوجود اس کے کہ جماعت اس زمانہ کی نسبت بہت ترقی کر چکی ہے یہ باتیں جماعت کے بچوں اور نوجوانوں کے کانوں میں اُس زمانہ کی نسبت بہت کم پڑتی ہیں اِس لئے میں چاہتا ہوں کہ آج کی گفتگو میں یہ باتیں احمدی بچوں اور نوجوانوں کو بتاؤں اور سمجھاؤں تاکہ انہیں بھی علم ہو کہ اسلامی لٹریچر میں کس طرح کثرت کے ساتھ آخری زمانہ میں مہدی موعود کے آنے کا ذکر کیا گیا ہے اس کی علامات بیان کی گئی ہیں اور پھر کس طرح یہ علامات پوری ہو کر اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت نے انہیں سچا کر دکھایا اور مہدی موعود علیہ السلام کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے غلبۂ اسلام کے سامان پیدا کئے۔

اِس کے بعد حضور نے قدرے تفصیل کے ساتھ بتایا کہ (۱) قرآن کریم میں آخری زمانہ میں آنے والے مسیح محمدی و مہدی موعود کا اور اس کے زمانہ کی علامات کا ذکر موجود ہے (۲) حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشادات میں بھی بکثرت اس کے آنے کی بشارتیں دیں اور خاص طور پر اس کے ساتھ اپنے پیار کا اظہار فرمایا (۳) اہلِ سُنّت کی کتب احادیث اور اہلِ تشیع کی کتب میں بھی کثرت کے ساتھ اس کا ذکر موجود ہے (۴) مفسرینِ قرآن نے بھی کثرت سے اس کے آنے کا ذکر کیا (۵) خلفائے راشدین، محدثین، متکلمین، صوفیاء اور بزرگانِ اُمّت نے بھی اپنی کتب میں اس کے آخری زمانہ میں مبعوث ہونے اور اس کے ذریعہ غلبۂ اسلام کی شہادت دی ہے (۶) قرآن و احادیث میں اس کے آنے کی جو جو علامات بیان ہوئی تھیں وہ بھی سب اس آخری زمانہ میں پوری ہو گئیں اِس طرح اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت نے بھی یہ ثابت کر دیا کہ آنے والے موعود کو (جس کی دو مختلف قسم کی ذمہ داریوں کے لحاظ سے دو نام یعنی مسیح محمدی اور مہدی موعود رکھے گئے) اس زمانہ میں مبعوث ہونا تھا اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام ہی وہ مہدی موعود ہیں جن کے ذریعہ اسلام کی ترقی کے متعلق بشارتوں کا پورا ہونا مقدر تھا۔ حضور نے فرمایا: ہم گواہ ہیں اِس امر کے کہ یہ سب بشارتیں ہماری آنکھوں کے سامنے پوری ہوئیں اور ہو رہی ہیں۔ خدا کرے کہ ہماری آئندہ آنے والی نسلیں بھی ان بشارتوں کے پورا ہونے میں بھرپور حصہ لیں اور خدا کی راہ میں بشاشت کے ساتھ قربانیاں کرتی چلی جائیں اور ان کے ذریعہ ہمیشہ ہی بنی نوع انسان کی بہتری کے سامان مہیا ہوتے چلے جائیں۔ آمین

اجتماعی دُعا

آخر میں حضور نے فرمایا اب ہم دعا کے ساتھ اپنے اِس جلسہ کو ختم کریں گے اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ جلسہ ہر لحاظ سے بہت کامیاب اور بابرکت رہا۔ احباب کثرت کے ساتھ اس میں شامل ہوئے اور کئی نئی نئی جگہوں سے احباب تشریف لائے۔ خدا کرے ہم ہمیشہ ہی زمین سے اپنے خدا کی طرف بلند ہوتے رہیں اور یہ رفعت ہماری بھلائی اور ترقی کی بنیاد ہو۔ یہاں رہنے والے بھی اور باہر سے آنے والے بھی خدا تعالیٰ کی بے شمار برکتوں سے حصہ لیں۔ خدا کے فرشتے سفر و حضر میں آپ کے حافظ و ناصر ہوں۔ وہ دوست جن کے دلوں میں اِس جلسہ میں شامل ہونے کی تڑپ تھی لیکن وہ اپنے بعض حالات کی وجہ سے شامل نہ ہو سکے خدا تعالیٰ ان کے قلوب کی یکسوئی کے بھی سامان پیدا کرے۔ میرے بچو اور نوجوانو! نمازوں میں باقاعدگی اختیار کرو اور ان میں سُست ہو کر کبھی اپنے باپوں اور ماؤں کے لئے تکلیف کا موجب نہ بنا کرو۔ خدا تعالیٰ ان قوموں کے لئے بھی بہتری کے سامان پیدا کرے جو تاریک برِ اعظم کہلانے والے علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ اسلام کے نور سے منوّر ہو کر تاریخ میں تاریک کی بجائے یہ نورانی برِ اعظم کہلائے گا۔

اللہ تعالیٰ صبح و شام اور دن اور رات ہماری جماعت کے سب چھوٹے بڑے مردوں اور عورتوں کی جھولیوں کو اپنی بے انتہا برکتوں سے بھر دے۔ انہیں شکر کے جذبات سے معمور سینے عطا کرے اور صحیح معنوں میں اسلام کا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خادم اور مہدی موعود علیہ السلام کا سچا رفیق بنائے اور اپنی سب نعمتوں سے وافر حصہ عطا فرمائے آمین۔

اس کے بعد حضور نے لمبی پُرسوز اجتماعی دعا کرائی اور پھر جملہ احبابِ جماعت کو اپنے اپنے ہاں واپس جانے کی اجازت مرحمت فرمائی اور نعرہ ہائے تکبیر کے درمیان احباب کو السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کہہ کر اپنی دلی دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا اور اِس طرح پر جماعتِ احمدیہ کا چھیاسی واں جلسہ سالانہ نہایت خیر و برکت کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

اخبارِ احمدیہ

(بقیہ صفحہ اوّل)

ایمان رکھتی ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ارشاد یا فعل قرآن کریم کے خلاف نہیں ہو سکتا نہ ایسا ہو سکتا ہے جو قرآن میں کمی یا زیادتی کرے اور ہم یہ سوچ بھی نہیں سکتے کہ آزادیٔ ضمیر کی قرآنی تعلیم کے خلاف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کوئی بات نعوذ باللہ کر سکتے تھے دُنیا جو چاہے کہے ہم اللہ تعالیٰ کے فضل سے توحید خالص پر قائم ہیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو صفات باری تعالیٰ کا مظہرِ اتم یقین کرتے ہیں ہمیں ہمیشہ دعائیں کرتے رہنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا حصار ہمیشہ ہمیں حاصل رہے اور ہم اس کے پیار کو حاصل کرنے والے بنیں۔ آمین

درخواستِ دعا

مکرم محمد سلیم صاحب ناظم مال مجلس خدام الاحمدیہ ڈرگ روڈ موٹر سائیکل کے حادثہ میں شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ ایک ٹانگ میں فریکچر ہو گیا ہے جناح ہسپتال کراچی میں داخل ہیں۔ احباب سے ان کی صحت یابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(محمد علی قائد مجلس خدام الاحمدیہ ڈرگ روڈ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ٹنڈر نوٹس

پرسنٹیج / آئٹم ریٹ مندرجہ ذیل کاموں کے لئے محکمہ بلڈنگ کے ان ٹھیکیداروں سے مطلوب ہیں جنہوں نے فیس برائے سال ۱۹۷۸ء جمع کرادی ہو۔ ٹنڈر کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۸ء اور ۱۹۶۴ء برائے سینٹری فٹنگ اور بجلی کے کاموں کے پر لئے جاویں گے ٹنڈر فارم ڈویژنل ہیڈ کلرک سے دفتری اوقات میں مورخہ ۷۹-۱-۶ تک جاری کئے جاویں گے۔ ٹنڈر مورخہ ۷۹-۱-۷ تک وصول کئے جاویں گے اور اسی دن بوقت ۱۲-۳۰ بعد دوپہر ان ٹھیکیداروں یا ان کے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جاویں گے جو وقت مقررہ پر موجود ہوں گے۔

ٹنڈر بلا زرضمانت مشروط یا بذریعہ ٹیلی گرام قابل قبول نہ ہوگا۔ زرضمانت بشکل چالان نیشنلائزڈ بینک یا کال ڈیپازٹ قبول کی جاوے گی۔

نمبر شمار	نام کام	زرتخمینہ	زرضمانت	میعاد
	پنجاب میں ۱۰۰ بنیادی ہیلتھ یونٹوں کی تعمیر (سرگودھا ڈویژن میں ۸ ہیلتھ یونٹ)			
۱۔	اچھالا	۳,۹۰,۰۰۰/-	۷۸۰۰/-	۶ ماہ
۲۔	ٹبہ قائم دین	۳,۹۰,۰۰۰/-	۷۸۰۰/-	۶ ماہ
۳۔	کوٹ مبارک خان	۳,۹۰,۰۰۰/-	۷۸۰۰/-	۶ ماہ
۴۔	خوشاب میں ماسٹر سکیو اینڈ سیفٹی سٹیشن میں ۷ عدد گیراج کی تعمیر	۱,۵۰,۰۰۰/-	۳۰۰۰/-	۳ ماہ

دستخط
ایگزیکٹو انجینئر
سیکنڈ پراونشل بلڈنگ ڈویژن سرگودھا

IPL 6673

"مقدس کفن"
مصنفہ
حسن محمد خان۔ ایم اے
عیسائی دنیا کا ایک لاثانی تبرک
حضرت مسیح علیہ السلام کے صلیب پر سے زندہ اترنے کا
ایک نادر ثبوت
انتہائی دلچسپ اور معلومات سے بھرپور اردو زبان میں پہلی کتاب
عارفین برادران ربوہ سے طلب فرمائیں
قیمت دس روپے

بامو قع زمین
دارالعلوم میں دس مرلے اور کنال کے پلاٹ برائے فروخت۔
امۃ الکریم
بیگم مرزا لطف الرحمٰن
۲-۷ کوارٹر تحریک جدید
نزد مسجد محمود ربوہ

مائیہ ناز مرکبات
محبوب اٹھرا مکمل کورس ۲۴ روپے
دوائی اولاد نرینہ " ۳۰ روپے
زدجام عشق ۶۰ گولی ۴۰ روپے
حب عنبر ۳۰ " ۱۰ روپے
حب نادر ۳۰ " ۱۵ روپے
مکمل معلومات کیلئے فضل عمر دواخانہ
قریشی مارکیٹ۔ گولبازار ربوہ

دوا تدبیر ہے اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے
اپنی صحت اور تندرستی کی بقا کیلئے
ناصر دواخانہ ربوہ
کی مفید و مجرب دوائیاں استعمال کریں!
مکمل فہرست ادویہ، جنتری ۱۹۷۹ء مفید طبی معلومات کیساتھ
مفت طلب کریں

دانت مت نکلوائیے
ورنہ عمر بھر اس نقصان کی تلافی نہ ہوسکے گی
اینٹی پائیوریا ANTI PYORRHEA
قیمت 15/-
اینٹی کیریز ANTI CARIES
قیمت 15/-
پائیوریا منجن PYORRHEA POWDER
قیمت 4/-
ٹوتھ کیور TOOTH CURE
قیمت 2/-
دانتوں کے متعلق مفید لٹریچر
مفت حاصل کریں!
کیور میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ
(ڈاکٹر راجہ ہومیو) گولبازار ربوہ
فون ۶۰۶/۶۰۷

حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ کے
مبارک ہاتھوں سے قائم کردہ
دواخانہ حکیم نظام جان
۱۹۱۱ء سے اسی نام سے دکھی انسانوں کی
خدمت کرتا چلا آرہا ہے
امسال ربوہ میں ہماری دکان نزد ریلوے
کراسنگ ہے۔
دواخانہ کی مشہور ادویات
حب اٹھرا مکمل کورس ۲۵ روپے
نرینہ اولاد گولیاں ۳۰ روپے
شہزین ایک ماہ خوراک ۱۰ روپے
زدجام عشق ۴۰ روپے
تریاق معدہ ۵ روپے
عورتوں کے معائنہ کا علیحدہ انتظام ہے
مجانب حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

ہومیو پیتھک و بایوکیمک ادویات
لوکل، امریکن، جرمنی اور تمام طبی
ضروریات کا بہترین ادارہ
ڈاکٹر صوفی علی محمد آر۔ ایم۔ پی
صوفی ہومیو شفاخانہ رحمت بازار ربوہ

آپ کو
جلسہ سالانہ
میں
خوش آمدید
ایوان محمود کے بالکل سامنے
حضرت حکیم نظام جان صاحب (مرحوم)
کے چشمۂ فیض
مشہور دواخانہ
میں عورتوں اور مردوں کے شعبہ جات
مصروف خدمت ہیں
حکیم عبدالحمید
مشہور دواخانہ ○ ربوہ
فون ۶۳۸

شرح چندہ

سالانہ چندہ	۸۰/- روپے
ششماہی "	۴۱/- "
سہ ماہی "	۲۱/- "
خطبہ نمبر سالانہ	۲۰/- "

(مینیجر الفضل ربوہ)

درخواست دعا

میرے والد مکرم محمد ظہور خان صاحب پٹیالوی جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابہ میں سے ہیں لمبے عرصہ سے صاحب فراش ہیں۔ صحن میں گر جانے کی وجہ سے ان کی ٹانگ میں فریکچر ہوگیا ہے اور وہ چلنے پھرنے سے معذور ہیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ مولیٰ کریم اپنے فضل سے شفاء عطا فرمائے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نجی سرمایہ کاری کی جانب رواں دواں

حیدری انٹرنیشنل فنانس لمیٹڈ نجی سرمایہ کاری کا ایک کثیر المقاصد ادارہ
جو ہر قسم کے بڑے اور چھوٹے کاروبار، تجارت اور صنعت کے لیئے آپ کو اپنی بہترین ماہرانہ اور فنی خدمات فراہم کرے گا۔

حیدری فنانس

- سرمایہ کاری کے سلسلے میں آپ کو مفید مشورے دے گا۔
- آپ کی بچت اور منافع کا تحفظ مہیا کرے گا۔
- آپ کا رابطہ مشہور عالمی منڈیوں اور نامور کاروباری افراد سے مسلسل قائم رکھے گا بلکہ اسے مزید فروغ بھی دے گا۔
- آپ جتنا بھی سرمایہ لگائیں گے اس کی مکمل ضمانت دے گا۔
- یہی نہیں بلکہ آپ کو منافع کی نسبت زیادہ شرح کا یقین بھی دلائے گا۔
- آپ کی سہولت کے لیئے کاروباری امور سے متعلق تمام ضروری تفصیلات خود طے کرے گا۔
- اور آپ کو ہر قسم کی غیر ضروری مالی پریشانی سے نجات دلائے گا۔
- بلا سود سرمایہ کاری کے طریق کار پر۔

حیدری انٹرنیشنل فنانس لمیٹڈ
نجی سرمایہ کاری کا منفرد ادارہ

نئے اور پرانے پیچیدہ امراض

دمہ۔ بواسیر۔ گردہ کی پتھریاں۔ پھانسیاں سوکھا پن۔ مردانہ کمزوری۔ دانتوں کے امراض۔ نزلہ۔ زکام۔ معدہ کی گیس۔ دل کے امراض۔ موتیا بند اور دیگر پیچیدہ زنانہ اور مردانہ امراض کی کامیاب علاج گاہ۔

ہومیو پیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

نصرت آباد

ربوہ کی اضافی بستی میں اپنے لئے تجارتی اور سکنی پلاٹ خرید کر فائدہ اٹھائیے۔ محلہ دارالرحمت کے بالکل قریب عقب مسجد اقصیٰ (غربی جانب) میٹھا پانی پُرکشش باغات اور سرسبز مقام کشادہ سڑکیں۔ سترفٹ چوڑی ساہیوال چنیوٹ روڈ پر واقع مستقبل قریب میں ربوہ کے مضافات کا تجارتی مرکز کی حیثیت سے اُبھرنے والی فوری رجسٹری فوری قبضہ کی بنیاد پر خریدنے کے لئے رجوع فرمائیں۔

بلال اسٹیٹس رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز
فون دفتر ۵۰۰
فون رہائش ۴۰۰

اقصیٰ روڈ۔ ربوہ

مبارک احمد۔ برکات احمد ۲۴/۱۸ دارالرحمت وسطی ربوہ

زخمانہ اکسیر اپھارہ

فی پیکٹ -/۲ روپے۔ فی درجن -/۱۶ روپے
فی گرس -/۱۹۲ روپے علاوہ بونس۔
دو درجن یا زیادہ پر ڈاک خرچ بذمہ کمپنی۔
مکمل فہرست ادویات مفت

کیور ہومیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو) لاہور

فون ۶۰۶
پروڈکشن برانچ ۶۰۷